اہم اعلان

ضمنی امتحان درجہ کتب 1445ھ مطابق 2024ء:

ضمنی امتحانات کی تاریخ درج ذیل ہے: روزانہ دو پرچے (صبح شام) ہوں گے۔

بروز ہفتہ 2 ذیقعدہ 1445ھ	مطابق	11 مئی 2024ء
بروز اتوار 3 ذیقعدہ 1445ھ	مطابق	12 مئی 2024ء
بروز پیر 4 ذیقعدہ 1445ھ	مطابق	13 مئی 2024ء

ضمنی امتحان کے داخلے 10 شوال المکرّم 1445ھ تک وصول کیے جائیں گے۔ ضمنی امتحان میں درجہ کتب کا مکمل داخلہ آن لائن ہوگا، داخلہ فارم پر وصول نہیں کیا جائے گا۔ (فیس کا ثبوت، چالان فارم اور داخلہ کی فہرست بھیجنا لازم ہے)

نوٹ: سالانہ امتحان کے داخلوں میں بہت سے مدارس نے عذر کیا کہ آن لائن داخلوں میں غلطی ہوئی اور کچھ داخلے رہ گئے۔ لہٰذا ضمنی امتحان جو آن لائن داخلے کیے جائیں ان کی قلمی فہرست (ہاتھ سے لکھی گئی) بھی دفتر وفاق کو بھیجنا لازم ہے۔ اگر کوئی داخلہ رہ گیا تو آن لائن اور قلمی فہرست کا موازنہ کیا جائے گا اور غلطی کی صورت میں قلمی فہرست کا اعتبار کر لیا جائے گا۔ تاہم اگر قلمی فہرست نہ بھیجی گئی تو پھر بعد میں عذر قبول نہیں ہوگا اور جو آن لائن داخلہ محفوظ کیا ہوگا صرف اُسی کا اعتبار کیا جائے گا۔

ضمنی امتحان میں راسبین کی شرکت:

جو راسبین مجموعی طور پر 33 فیصد یا اس سے زائد نمبروں کے حامل ہوں گے ان کو ضمنی امتحان میں شرکت کی اجازت ہوگی، 33 فیصد سے کم نمبر والے راسبین کو ضمنی امتحان میں شرکت کی اجازت نہیں ہوگی۔ یہ رعایت صرف امسال 1445ھ کے لیے ہے۔ سال 1446ھ سے راسبین کو ضمنی امتحان میں شرکت کی بالکل اجازت نہیں ہوگی۔

رفع درجات والے طلبہ ضمنی امتحان میں شرکت کر سکیں گے۔ جس پرچے کا امتحان دوبارہ دیں گے حسب ضابطہ امتحان ہال میں آ کر حاضری لگانے پر اس پرچہ کے سابقہ نمبر کالعدم ہوں گے چاہے وہ حاضری لگانے کے بعد پرچہ دے یا نہ دے۔

درجہ حفظ کا ضمنی امتحان:

حفظ کے سالانہ امتحان میں غیر حاضر رہنے والے یا راسب ہونے والے طلبہ وطالبات حفظ کے ضمنی امتحان میں شرکت کر سکتے ہیں۔ نیز ایسے طلبہ وطالبات جنہوں نے سالانہ امتحان کے داخلے تک حفظ مکمل نہیں کیا تھا اور اب رمضان المبارک تک حفظ مکمل کر لیا ہے، ان کے داخلہ فارم بھی اس امتحان کے لیے بھجوائے جا سکتے ہیں۔

امسال 1445ھ میں درجہ حفظ کے دوسرے امتحان کا داخلہ 10 ذیقعدہ 1445ھ تک وصول کیا جائے گا اور امتحان یکم ذوالحجہ 1445ھ کو ہوگا۔

نظر ثانی کی تاریخ:

سالانہ امتحان 1445ھ کے پرچہ جات پر نظر ثانی کی درخواستیں 10 شوال المکرّم تک وصول کی جائیں گی۔ وفاق کا مرتب کردہ نظر ثانی فارم ہی استعمال کیا جائے، جو کہ وفاق کی ویب سائٹ پر موجود ہے۔ ایک پرچہ پر نظر ثانی کی فیس، متعلقہ درجہ کی مکمل داخلہ فیس کے مساوی ہے۔ (20 رمضان المبارک تک ملنے والی درخواستوں پر 10 شوال تک نظر ثانی کی جائے گی، باقی درخواستوں پر بعد میں ہوگی)